10-23-2023

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

مورخہ: 22جولائی 2023

# پریس ریلیز

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے خیبرپختونخوا کے نگران صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی شاہد خٹک کے جلسے میں حصہ لینے اور خطاب کرنے پر کاروائی کرتے ہوئے نگران وزیر اعلی خیبر پختونخوا کو مذکورہ نگران وزیر کو کابینہ سے ہٹانے کا حکم جاری کر دیا ھے۔

آج الیکشن کمیشن کو میڈیا کے ذریعے نگران صوبائی وزیر شاہد خٹک کے نوشہرہ میں جلسہ عام میں حصہ لینے اور خطاب کرنے کی اطلاعات موصول ہوئی تھیں جس پر کمیشن نے سخت نوٹس لیتے ہوئے صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخوا سے واقعے کی فوری رپورٹ طلب کر لی تھی تاکہ اس پر مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخوا کے مذکورہ وزیر کے جلسہ عام میں شرکت کی رپورٹ موصول ھونے کے بعد الیکشن کمیشن نے جائزہ لینے کے بعد فیصلہ کرتے ہوئے نگران وزیراعلی خیبرپختونخوا کو حکم جاری کر دیا کہ شاہد خٹک کو کابینہ سے ہٹا دیا جائے۔

اس کے ساتھ ہی کمیشن نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ نگران حکومت پنجاب کو بھی فوری طور پر احکامات جاری کئے جائیں کہ نگران حکومت کے کسی بھی عہدے دار بشمول وزیر کو کسی بھی قسم کی سیاسی وانتخابی مہم میں شرکت کرنے کی اجازت نہیں ہے۔اس امر کی سختی سے پابندی کی جائے۔خلاف ورزی کی صورت میں فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔الیکشن کمیشن کسی بھی نگران حکومت یا نگراں وزیر کو کسی قسم کی انتخابی مہم میں حصہ لینے کی اجازت نہیں دے سکتا۔



*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad